# سبق: ۲۰

# بچّے کی دُعا



## حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- نظم کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ معروضی اور موضوعی سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- دورانِ گفت گو معلومات کے تبادلے میں اپنی رائے کو بھی شامل کر سکیں۔
- اپنے خیالات، احساسات اور معلومات کو پُراعتماد انداز میں بیان کر سکیں۔
- نظم پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصورات کو اخذ کر سکیں۔
- الفاظ، تراکیب اور محاورات کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔
- اِسمِ ظرف اور اِس کی اَقسام سے مُتعارف ہو سکیں۔
- فعل اور فاعل کا فرق سمجھ سکیں۔
- نظم و نثر کو منشا اور مقصد کے حوالے سے سمجھ کر درست اُتار چڑھاؤ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
- نظم یا نثر پڑھ کر خلاصہ/ مرکزی خیال لکھ سکیں۔
- درسی کُتب اور دیگر کُتب میں پیش کیا گیا متن پڑھ کر معلوماتی اور اطلاقی نوعیت کے سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔
- مترادف اور متضاد الفاظ کو جملوں/عبارت میں استعمال کر سکیں۔
- الفاظ کا تلفظ سمجھتے ہوئے درست اعراب لگا سکیں۔
- کسی منظوم کلام پر اپنے جذبات و احساسات کا مربوط زبانی اظہار کر سکیں۔

## سوچیں اور بتائیں

- علامہ اقبال کی تین کتابوں کے نام بتائیں۔
- آپ دُعا میں زیادہ تر کیا مانگتے ہیں؟
- ہم دُعا کیوں کرتے ہیں؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- ۱۹۳۰ء میں جب علّامہ اقبال نے خطبہ الٰہ آباد پیش کیا تو ہندوؤں اور انگریزوں نے ان پر کڑی تنقید کی۔ انھوں نے علامہ اقبال کے اس خیال کا خوب مذاق اڑایا اور اسے نا قابلِ عمل قرار دیا مگر اس کے صرف ۱۷ برس بعد علّامہ اقبال کے تصور کے مطابق برصغیر ایک ہندو اکثریتی اور ایک مسلم اکثریتی ملک میں تقسیم ہو گیا۔
- علّامہ اقبال ایک شاعر، مفکر، فلسفی، استاد، وکیل اور سیاست دان تھے۔

## برائے اساتذہ کرام

- اساتذہ کو چاہیے کہ وہ طلبہ سے معروضی اور موضوعاتی سوالات کے جواب سُنیں۔ باری باری تمام طلبہ کو بولنے کا موقع بھی دیا جائے۔
- نظم کی پڑھائی کے دوران میں مشکل الفاظ کے معانی بھی خط کشیدہ کرائے جائیں۔ بعدازاں ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کرایا جائے۔
- نظم میں شامل کیے گئے اشعار کا مطلب بھی بیان کیا جائے۔ نیز انھیں اسلامی معاشرے کے ارتقائی مراحل سے بھی آگاہ کیا جائے۔
- اصنافِ شاعری سے بھی آگاہی دیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

Web Version of PCTB Textbook Not for Sale

# بچّے کی دُعا

| الفاظ | تمنّا | زینت | پروانے | ضعیفوں | محبت |
|---|---|---|---|---|---|
| تلفّظ | تَ۔مَن۔نا | زِی۔نَت | پَر۔وانے | ضَ۔عیفوں | مَ۔حَب۔بَت |

لَب پہ آتی ہے دُعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صُورت ہو خدایا میری

دُور دنیا کا مِرے دَم سے اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہو جائے

ہو مِرے دم سے یونہی میرے وطن کی زِینت
جِس طرح پھُول سے ہوتی ہے چمن کی زِینت

**ٹھہریں اور بتائیں**
- شاعر دُنیا سے کیا دُور کرنے کی بات کہہ رہا ہے؟
- ''میرے چمکنے سے اُجالا ہو جائے'' سے کیا مراد ہے؟

زندگی ہو مِری پروانے کی صُورت یارب
عِلم کی شمع سے ہو مُجھ کو مَحبّت یارب!

ہو مِرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے، ضعیفوں سے مَحبّت کرنا

میرے اللہ! بُرائی سے بچانا مُجھ کو
نیک جو راہ ہو، اُس رَہ پہ چلانا مُجھ کو

(علّامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ)

**ٹھہریں اور بتائیں**
- کیا آپ غریبوں کی حمایت کرتے ہیں؟ کرتے ہیں تو کیسے؟
- شاعر کس طرح کی زندگی چاہتا ہے؟

## ہم نے سیکھا

- وہی انسان اچھے ہوتے ہیں جو ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔
- ہمیں ہر ممکن دوسروں کی مدد کرنی چاہیے۔
- ہمیں ہر وقت اللہ تعالیٰ سے اس کا رحم، کرم، فضل، برکت، ہدایت، مغفرت اور رہ نُمائی طلب کرتے رہنا چاہیے۔

Web Version of PCTB Textbook Not for Sale



NOT FOR SALE-PESRP

# مشق

## تفہیم

**۱ مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔**

(الف) پہلے شعر میں ربّ العزت کے حضور کیا دُعا کی گئی ہے؟

(ب) اندھیرا دُور ہونے سے کیا مفہوم نکلتا ہے؟

(ج) ''زندگی ہو میری پروانے کی صُورت یارب!'' میں پروانہ کس چیز کی علامت بن کر سامنے آیا ہے؟

(د) آپ نے اس نظم سے کیا سبق حاصل کیا؟

**۲ کالم ملا کر مصرے مکمل کریں۔**

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| زندگی شمع کی صورت | سے اُجالا ہو جائے |
| ہر جگہ میرے چمکنے | ہو مُجھ کو محبّت یارب |
| ہو مِرے دَم سے یونہی | اُس رہ پہ چلانا مجھ کو |
| عِلم کی شمع سے | ہو خُدایا میری |
| نیک جو راہ ہو، | میرے وطن کی زینت |

**۳ درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں اور معانی کو واضح کرنے کے لیے جملے بنائیں۔**

| الفاظ | معانی | جُملے |
|---|---|---|
| تمنّا | | |
| شمع | | |
| اُجالا | | |
| زینت | | |



NOT FOR SALE-PESRP

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

## پڑھنا

۴ علامہ اقبال کی نظم طارق کی دعا انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے پڑھیں۔ نظم میں موجود مشکل الفاظ پر نشانات لگائیں اور استادِ محترم سے ان کا مطلب پوچھیں یا انٹرنیٹ سے تلاش کریں۔ نیز نظم کو زبانی یاد کر کے بزمِ ادب میں سنائیں۔

## زبان شناسی

۵ درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھیں۔

لَب۔ زندگی۔ شمع۔ صورت۔ تمنّا

______ ______ ______ ______ ______

۶ درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔

اُجالا۔ پھول۔ زینت۔ محبت۔ حمایت

______ ______ ______ ______ ______

### فعل

ایسے اَلفاظ جن سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو، فعل کہلاتے ہیں۔ جیسے دوڑ نا، کھانا اور کھیلنا وغیرہ۔

### فاعل

ایسے الفاظ جو کام کرنے والے کو ظاہر کریں، فاعل کہلاتے ہیں۔ جیسے اُستاد (پڑھانے والا) گوالا (دودھ بیچنے والا) وغیرہ۔

۷ ذیل میں مختلف افعال دیے گئے ہیں۔ اِن کی مدد سے فاعل بنائیں۔

| فعل | فاعل | فعل | فاعل |
|---|---|---|---|
| خریدنا | خریدار | پڑھانا | |
| رونا | | بیچنا | |
| گانا | | بال کاٹنا | |
| اداکاری | | کھیلنا | |



NOT FOR SALE-PESRP

Web Version of PCTB Textbook Not for Sale

## اِسمِ ظرف کی اِقسام

اِسمِ ظرف کی دو اَقسام ہیں:

(i) اِسمِ ظرفِ زماں (ii) اِسمِ ظرفِ مکاں

### (i) اِسمِ ظرفِ زماں

وہ اسم جس میں وقت کے معنی پائے جائیں، اِسمِ ظرفِ زماں کہلاتا ہے۔ مثلاً: صبح، رات، کل، پانچ بجے، اِس مہینے، اگلے سال وغیرہ۔

### (ii) اِسمِ ظرفِ مکاں

وہ اسم جس میں جگہ کے معنی پائے جائیں، اِسمِ ظرفِ مکاں کہلاتا ہے۔ مثلاً: باغ، چوک، مسجد، کمرا، باورچی خانہ وغیرہ۔

**۸** مندرجہ ذیل عبارت میں سے اِسمِ ظرفِ زماں اور اِسمِ ظرفِ مکاں تلاش کریں:

اگرچہ میں صبح ساڑھے چار بجے مسجد پہنچ گیا تھا مگر پھر بھی میری ملاقات وہاں اپنے دوست عادل سے نہ ہو سکی۔ میں بہت پریشان ہوا کیوں کہ وہ تو فجر کی نماز بلاناغہ اِسی مسجد میں ادا کیا کرتا تھا۔ لہٰذا مَیں دن نکلتے ہی پورے سات بجے اس کے گھر گیا تو پتا چلا کہ اُسے تو کل دوپہر سے بُخار ہے۔ رات کو اُس کے ابّا اُسے کلینک لے کر گئے تھے اور ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق دوائیں بھی کھلائیں لیکن ابھی تک اُس کا بُخار نہیں اُترا۔ چناں چہ اب اُس کے ابّا اُسے شہر کے بڑے ہسپتال لے جانے کی تیاری کر رہے تھے۔

## لفظوں کا کھیل

**۹** دُرست اِعراب لگا کر تلفّظ واضح کریں۔

حمایت۔ شمع۔ محبت۔ ضعیف۔ چمن

________ ________ ________ ________ ________

## تخلیقی لکھائی

**۱۰** نظم (بچّے کی دعا) کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

## سرگرمیاں

- یہ نظم زُبانی یاد کریں اور ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر ترنّم سے بزمِ ادب میں پڑھیں۔
- اِس نظم کو چارٹ پر خوش خط لکھیں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

Web Version of PCTB Textbook Not for Sale



NOT FOR SALE-PESRP

- اس نظم کو نثر میں تبدیل کریں اور پھر اس کا خلاصہ اپنے الفاظ میں ہم جماعتوں کو سنائیں۔ اگر وہ آپ کے بیان کردہ نکات پر اعتراض کریں تو ان سے ان کے اعتراض کی وضاحت طلب کریں اور پھر نظم کو دوبارہ غور سے پڑھیں اور سوچیں کہ کیا آپ کے ہم جماعتوں کا اعتراض درست ہے یا نہیں۔ اگر آپ کو ان کا اعتراض درست لگے تو اپنے خلاصے کو ٹھیک کر کے دوبارہ لکھیں اور پھر ساتھیوں کو سنائیں۔ تاہم، اگر آپ کو ان کا اعتراض غلط لگے تو انھیں جوابی دلائل سے قائل کریں اور استادِ محترم سے رہ نمائی کی درخواست کریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

## برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو صحتِ متن کا خیال رکھتے ہوئے دعائیہ نظم پڑھائی جائے۔
- مشقی سوالات اور سرگرمیوں کی انجام دہی میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔
- پوری جماعت کو کورس کے انداز میں نظم (بچّے کی دُعا) ترنم اور درست لب و لہجے میں پیش کرنے پر حوصلہ افزائی کریں۔



NOT FOR SALE-PESRP

# فرہنگ

| | |
|---|---|
| **سبق:۱** | **حَمد** |
| اسباب | ساز و سامان۔ وسائل۔ ذرائع |
| اوس | شبنم |
| بھید | راز۔ چھپی ہوئی بات |
| پربت | پہاڑ۔ کوہ |
| دامن | جھولی۔ گود |
| دانائی | عقل مندی |
| دِیپ | چراغ۔ دِیا |
| **سبق:۲** | **نَعت** |
| ارمان | حسرت۔ خواہش |
| اقدس | بہت زیادہ پاک۔ نہایت مقدّس |
| تابش | چمک۔ روشنی۔ نُور |
| خالق | پیدا کرنے والا۔ تخلیق کرنے والا |
| در | دروازہ |
| درمان | علاج۔ مشکل کا حل |
| عرفان | شناخت۔ پہچان۔ آگہی۔ اللہ تعالیٰ کی معرفت |
| عقیدہ | ایمان۔ یقین۔ اعتقاد |
| کامل | مکمل |
| وحدت | ایک ہونا۔ واحد ہونا۔ متحد ہونا |

| | |
|---|---|
| **سبق:۳** | **تبسّم کے پُھول** |
| تبسّم | مسکراہٹ |
| منتشر | بکھرا ہوا |
| روئے مبارک | چہرۂ مبارک |
| ظریفانہ | مزاح کا پہلو لیے ہوئے۔ ظرافت والا |
| متعلقین | اہلِ خانہ۔ گھر کے لوگ۔ تعلق والے |
| مُطَہَّرات | پاک و پاکیزہ |
| **سبق:۴** | **عظیم سپہ سالار** |
| بصارت | دیکھنے کی صلاحیت |
| تہ تیغ کرنا | قتل کرنا |
| جاں نثار | کسی پر جان قربان کرنے والا۔ وفادار |
| سرخیل | کسی جماعت یا گروہ کا سردار۔ پیشرو۔ قائد |
| سرور | بادشاہ۔ امیر۔ حاکم |
| شجاعت | بہادری |
| گوشہ نشینی | تنہائی میں رہنا۔ سب سے الگ رہنا |
| مالِ غنیمت | جنگ میں مخالف فوج سے چھینا یا جیتا ہوا مال |
| محاصرہ | چاروں طرف سے بند۔ گھیرا |
| **سبق:۵** | **چُغل خور** |
| چُغل خور | غیبت کرنے والا، لگائی بُجھائی کرنے والا |

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale



NOT FOR SALE-PESRP

| | |
|---|---|
| چُغلی | غیبت، لگائی بُجھائی |
| کوڑھی | کوڑھ کا مریض |
| رُوہانسا | رونے جیسی کیفیت ہونا |
| چھاچھ | لسّی |
| چنگیری | روٹی رکھنے والا پھیلا ہوا تنکوں سے بنا گول تھال |
| للکار | سخت آواز جس سے رعب طاری ہو |
| سبق: ۶ | قدرتی آفات |
| الامان والحفیظ | اللہ بچائے اور حفاظت کرے |
| امر | حقیقت۔ بات |
| آفت | مصیبت |
| آنِ واحد | ایک لمحہ۔ پل بھر |
| ناگہانی | اچانک پیش آنے والا |
| وبا | کثرت سے پھیلنے والی۔ متعدی بیماری |
| سبق: ۷ | وطن کی مٹّی گواہ رہنا |
| لگن | شوق |
| محاذ | مقابلے کی جگہ |
| مُغنی | گلوکار |
| وقار | عزت |
| سبق: ۸ | مناظرِ پاکستان |
| چپہ چپہ | کونہ کونہ۔ مراد ہر حصہ |
| سنگم | مِلن۔ مِلاپ۔ اِتّصال |

| | |
|---|---|
| محیط | پھیلا ہوا |
| مشغول | مصروف |
| نجی | ذاتی۔ شخصی۔ غیر سرکاری۔ پرائیویٹ |
| نایاب | نادر۔ ناپید۔ بیش قیمت۔ جو مشکل سے ملے یا نہ ملے |
| سبق: ۹ | میجر شبیر شریف شہید |
| آسودۂ خاک | خاک میں آرام کرنے والا |
| پیش قدمی | آگے بڑھنا |
| دستاویزات | اہم تحریریں |
| رفو چکر ہونا | بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا |
| گھمسان | بڑی لڑائی |
| مامور | جسے حکم مِلا ہو |
| محاذ | جنگ کا میدان |
| مدِمقابل | مخالف |
| ہنگام | ہلچل۔ معرکہ |
| سبق: ۱۰ | پاکستان کی تہذیب و ثقافت |
| تہذیب | ثقافت۔ تمدن۔ شائستگی۔ ترقی۔ طرزِ معاشرت |
| ثقافت | قومی اطوار۔ علاقائی طرزِ بود و باش۔ علمی ادبی و فنی تخصص |
| جوق در جوق | گروہ در گروہ۔ بڑی تعداد میں |
| زرِمبادلہ | بیرونی کرنسی |
| لوک ورثہ | کسی علاقے یا قوم کے آثار۔ باقیات۔ طریقے |
| مانند | جیسا |

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

| | |
|---|---|
| سبق: ۱۱ | اِک ریل کے سفر کی تصویر کھینچتا ہوں |
| آتش دان | آگ جلانے کی جگہ۔جس میں آگ جلائی جائے |
| لاؤلشکر | فوج اور اُس کا سازوسامان |
| مردم شماری | آدمیوں کی گنتی |
| ملتِ بیضا | روشن ملت۔مسلمان |
| مورچہ بند | مورچے پر رہنے یا لڑنے والی فوج |
| نشتر | چیرنے کا آلہ |
| سبق: ۱۲ | ہاکی |
| اَوائل | شروع۔آغاز |
| سرپرستی کرنا | نگہبانی کرنا۔حمایت کرنا |
| صَفِ اوّل | ممتاز مقام۔اعلیٰ درجہ |
| ضامِن | ضمانت دینے والا شخص |
| فروغ | عروج۔بلندی |
| مَقولہ | کسی دانا کا قول۔بات |
| وَثُوق | اِعتماد۔بھروسہ |
| سبق: ۱۳ | قدرتی ماحول |
| ابرپارے | بادل |
| افادیت | فائدہ |
| ان مول | نادر۔بیش قیمت۔اعلیٰ درجے کا |
| تغیروتبدل | تبدیلیاں۔فرق۔انقلاب |
| جوبن | عروج۔جوانی۔نکھار۔رونق۔سج دھج |

| | |
|---|---|
| شعور | سمجھ بوجھ۔سلیقہ۔احساس۔تمیز۔فراست |
| سبق: ۱۴ | حکیم محمد سعید شہید |
| آبائی | خاندانی۔جَدی |
| بُلند پایہ | عالی مقام |
| دین دار | نیک۔عبادت گزار |
| فروغ | ترقی۔رونق |
| کُتب | کتاب کی جمع۔لکھی ہُوئی چیز |
| مَطَب | دَواخانہ |
| مہارت | کسی کام میں کمال، قابلیت |
| واقف | جاننے والا۔شناسا |
| سبق: ۱۵ | درسِ عمل |
| پت جھڑ | موسمِ خزاں |
| جوہر | کمال۔خاصیت |
| رُت | موسم |
| سہل | آسان |
| سبق: ۱۶ | خواتین کا احترام اور مقام |
| اُمہات المومنین | مومنوں کی مائیں |
| تکریم | عزت |
| چشمِ فلک | نگاہِ آسمان۔مُراد سارا عالم۔دنیا |
| حُدود وقیود | حدیں اور پابندیاں۔مراد قواعد وضوابط۔اصول |
| روزِ روشن | یومِ حساب۔قیامت کا دن |

Web Version of PCTB Textbook Not for Sale



NOT FOR SALE-PESRP

| | |
|---|---|
| متعین | طے شُدہ |
| سبق: ۱۷ | کرپشن: ایک سماجی بُرائی |
| اقربا پروری | دوست نوازی۔ قریبی لوگوں کو ناجائز فوائد دینا |
| حرص | لالچ۔ طمع۔ ہوس |
| روش | راستا |
| روشناس | واقف |
| غصب | زبردستی کسی کا حق چھین لینا۔ ناجائز قبضہ۔ مجرمانہ خیانت |
| ماورا | جو کچھ پس پشت ہو۔ اُدھر۔ پرے۔ باہر |
| مُہلک | جان لیوا |
| مصلحین | اصلاح کرنے والے |
| نفسانی خواہشات | نفس کی خواہشات۔ ذاتی خواہشات |
| سبق: ۱۸ | دریا کنارے چاندنی |
| بلور کے پھول | مراد روشنی کے گُل دستے یا چمکتے اُجلے مقامات |
| خیمے نور کے | روشنی کے کالم۔ روشن علاقے |
| سمے | وقت۔ زمانہ۔ موسم |

| | |
|---|---|
| سبق: ۱۹ | ابتدائی طبّی امداد |
| آثار | اثرات۔ شواہد |
| پی ٹی | فزیکل ٹریننگ (جسمانی تربیت) |
| حمائل | گلے میں پڑا یا لٹکا ہوا |
| طبی | طِب سے متعلق، حکمت سے متعلق |
| کراہنا | تکلیف کی شدت سے آہ و بکا کرنا |
| کھپچیاں | لکڑی کے ٹکڑے |
| سبق: ۲۰ | بچّے کی دُعا |
| اُجالا | روشنی |
| تمنّا | خواہش |
| زینت | سجاوٹ |
| شمع | موم بتی |
| ضعیفوں | بوڑھوں |
| لب | ہونٹ |
| صورت | شکل۔ مانند |

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale



NOT FOR SALE-PESRP